ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (418)

25.09.03

بہاولپور (      ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے دریائے ستلج میں سیلابی صورتحال کے پیشِ نظر شہریوں کو الرٹ رہنے اور حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ضلعی انتظامیہ / پولیس کی جانب سے عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دریا ستلج پر جانے، نہانے، کشتی رانی اور دیگر سرگرمیوں پر دفعہ 144 کے تحت مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے سیلابی صورتحال کے پیش نظر شہریوں اور پولیس افسران کو حفاظتی تدابیر اختیار کرنے بارے متعدد احکامات جاری کر دیئے۔ ڈی پی او بہاولپور نے تمام پولیس افسران و اہلکاران کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی الرٹ رہ کر انجام دیں، نشیبی علاقوں میں رہنے والے افراد کو آگاہی فراہم کرتے رہیں۔ شہری دریائے ستلج کے کنارے اور سیلابی علاقوں میں غیر ضروری آمدورفت سے گریز کریں۔ ہنگامی صورتحال میں فوراً پولیس ہیلپ لائن 15 یا ریسکیو اداروں کو اطلاع دیں۔ ضلعی انتظامیہ / پولیس کی جانب سے عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دریا ستلج پر جانے، نہانے، کشتی رانی اور دیگر سرگرمیوں پر دفعہ 144 کے تحت مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ یہ اقدام انسانی جانوں کے تحفظ اور کسی بھی ناگہانی حادثے سے بچاؤ کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ دریا کے قریب جانے سے گریز کریں اور انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی پی او بہاولپور نے تمام ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اپنی حدود میں الرٹ رہیں اور نشیبی علاقوں کا مسلسل دورہ کریں۔ عوام کو گھر گھر جا کر حفاظتی تدابیر سے آگاہ کریں۔ ریسکیو ٹیموں اور ضلعی انتظامیہ سے قریبی رابطہ رکھیں تاکہ کسی بھی ایمرجنسی میں بروقت مدد فراہم کی جاسکے۔ پولیس کنٹرول روم کو ہر لمحہ تازہ صورتِ حال سے آگاہ رکھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس ہمہ وقت شہریوں کی مدد کے لیے موجود ہے، عوام اپنے تحفظ کے لیے پولیس اور ریسکیو اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

ترجمان پولیس بہاولپور



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے دریائے ستلج میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر متعدد احکامات جاری کر دیئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (419)

25.09.03

بہاول پور (            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے گلزار صادق علاقہ تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے گلزار صادق علاقہ تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سٹی سرکل، ایس ایچ او تھانہ کینٹ و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال گلزار صادق علاقہ تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کیلئے احکامات جاری کر رہے ہیں